| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری ساتواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ج' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'ج' لکھ سکیں حرف 'ج' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ج' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو''حروف تہجی اردو کے''نظم سنائی جائے گی۔اور'ا' سے لیکر'ث' تک کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ج' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر'ج' کا تعارف کروائے گی ۔ میں حرف 'ج' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے ۔اور حرف 'ج' کی آدھی شکل ' ـجـ' کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔'ج' حروف تہجی کا آٹھواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ج' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ج' کے ذخیرہ الفاظ جالا ،جلیبی ، جراب ، جوتا فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ج' کی پوری شکل کے درمیان میں اور آدھی شکل کے نیچے ایک نقطہ ہوتا ہے۔تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی ۔جس پر بچوں کو حرف 'ج' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ج' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کتاب صفحہ 41 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ج' پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔تصاویر کے ذریعے تمام الفاظ بتائے جائیں گے۔مثال کے طور پر ج جادوگر، ج جوتا وغیرہ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ج' کی آدھی اور پوری شکل پر پینسل پھیریے اور جہاز کو ٹریس کریں اور رنگ بھریں۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>41<br>ورک شیٹ ، | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف 'ج' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری ساتواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ج' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'ج' لکھ سکیں حرف 'ج' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ج' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ج' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ج' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائے جائے گی۔ بچوں کو جالا کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ جالا ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا انہوں نے کبھی جالا دیکھا ہے؟۔ اور کہاں دیکھا ہے؟۔ کیا گھروں میں یا کہیں بھی جالے لگے ہونا اچھی بات ہوتی ہے؟۔ بچوں سے پوچھیں جالے کہاں بنتے ہیں؟۔ اور کون بناتا ہے؟۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ج' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر Play Dough رکھ دیجیے بچے Play Doudh کی مدد سے حرف 'ج' بنائیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 42 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ دی گئی تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ حرف 'ج' سے بننے والے الفاظ 'ج' سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | Play Dough<br>کتاب صفحہ 42 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ج' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری ساتواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ج' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ج' لکھ سکیں حرف 'ج' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ج' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ج' کی پوری شکل اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>(حرف اور اشیاء) | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ج' سے جادوگر کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا کسی نے کبھی کسی جادوگر کا شو دیکھا ہے؟۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ جادگر کیا کرتا ہے؟ کیا اُن کو جادوگر کا جادو اچھا لگتا ہے؟۔ بچوں کو کہے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ج' بنائیے۔ اور عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | فلیش کارڈ<br>ا سے ث تک | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>'ا سے لے کر ث' تک حروف کے فلیش کارڈ ٹوکری میں رکھ دیجیے۔ چند طلباء کو بلائیے اور کہیے کہ ہر طالب علم ایک حرف نکالے۔ ہر طالب علم سے کہیے کہ باری باری آئیں۔ اور بورڈ پر ''ا سے لے کر ث'' تک تمام حروف ترتیب سے لگا دیں جب حرف 'ث' پر پہنچیں تو طلباء سے پوچھیں کہ اگلا حرف کون سا ہے؟۔ درست جواب ملنے کے بعد 'ج' کا فلیش کارڈ بورڈ پر لگا دیجیے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 44 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ج' اور اس کی آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ<br>44 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے جراب، جالا، جالی اور جلیبی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری ساتواں ہفتہ | **موضوع:** | حرف 'ج' | **دن:** | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ج' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'ج' لکھ سکیں حرف 'ج' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ج' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ج' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ج' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے جگنو، جنگل، جیپ اور جگ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔اور ان کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کے ساتھ کھیل کھیلیں۔کہیے میں نے حرف 'ج' سے آپ کے پاؤں میں ایک چیز دیکھی ہے اُس کا نام بتایئے۔ بچوں سے پوچھیے جنگل میں 'ج' سے جنگل میں بہت سارے کیا ہوتے ہیں؟ ۔کاپی پر حرف 'ج' اور اس کی آدھی شکل کو درست بناوٹ سے لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے جگنو، جنگل جگ اور جیپ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>(حرف اور اشیاء) | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری ساتواں ہفتہ | **موضوع:** | سبزیوں کے نام | **دن:** | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ سبزیوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر کو دیکھ کر سبزیوں کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ج' کے فلیش کارڈ دکھا کر تمام اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>کمرہ جماعت میں پلاسٹک کھلونے سبزیاں، اصل سبزیاں/سبزیوں کے فلیش کارڈ لے کر آیئے۔ بچوں کو آلو، پیاز، ٹماٹر، بینگن اور گاجر ایک ایک کر کے دکھائے جائیں گے اور نام بتائے جائیں گے۔ جیسا کہ گاجر دکھاتے وقت کہا جائے گا یہ گاجر ہے۔ تین بار (گاجر، گاجر، گاجر) دہرایا جائے گا۔ اس کے بعد فلیش کارڈ/سبزی بچے کو دی جائے گی اور نام پوچھا جائے گا۔ اس طرح باری باری ہر بچہ سبزی کو پکڑے گا اور اس کا نام بتائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>سبزیوں کو میز پر رکھا جائے گا اور معلمہ آنکھوں پر پٹی باندھ کر سبزی کو پکڑے گی (اس کو دلچسپ بنانے کے لیے گاجر کو ہاتھ میں پکڑیں اور کہیے کہ یہ ٹماٹر ہے) بچوں سے پوچھیے کہ یہ ٹماٹر ہے ناں بچوں کو حوصلہ افزائی کریں۔ پھر باری باری سب بچوں کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر ان کے آگے ٹوکری کریں وہ سبزی اٹھائیں گے اور اس کو چھو کر اس کا نام بتائیں گے۔ کتاب صفحہ 61,62 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تمام سبزیوں کے نام باری باری بتائے جائیں گے۔ اور بچوں کو دہرانے کو کہا جائے گا۔ ہر سبزی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ کاپی پر حرف 'ج' کی پوری اور آدھی شکل لکھیے۔<br>**اختتامیہ:** آلو، شملہ مرچ، ٹماٹر، بینگن، پیاز اور گاجر کا فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں گاجر، آلو اور پیاز میں رنگ بھریئے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | پلاسٹک کھلونے (سبزی)<br>فلیش کارڈ<br>اصل سبزیاں<br>کاپی ورک<br>پلاسٹک سبزی کھلونے<br>کپڑے کی پٹی<br>ورک سیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا سبزیوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر۔ |